DUA · ACTS & SUPPLICATIONS IN SEVEN CHAPTERS

Tasbeeh made of Khaak’e Shifa

خاک شفاء کی تسبیح

It is most favorable to count the number of the statements of Tasbeeh Zahra (s) with a rosary (subhah: a string of 100 beads) made of the soil of Imam Husain (a)’s tomb, which is a tradition in all religious rites. It is also recommended to carry at all times such a rosary, which protects from misfortunes and brings about endless rewards. It is reported that the rosary of Lady Fatema (s) was made of woolen knotted string. She used to turn it with her hand while uttering statements of glorifying and professing Almighty Allah’s all-greatness. When Hamzah ibn Abd Muttalib, may Allah be pleased with him, was martyred, she made a rosary from the soil of his tomb, and people followed her in that. When Imam Husain (a) the master of martyrs was martyred, people used rosaries made of the soil of his tomb. In this respect, the Awaited Imam (a) is reported to have said, “Whoever forgets to mention Almighty Allah while having a rosary made of the soil of Imam Husain (a)’s tomb in the hand, the reward of remembrance will be recorded for him.”

بہتر یہ ہے کہ خاک شفا کی تسبیح کے دانوں پر اس تعداد کو شمار کرے تمام ذکر و اذکار میں خاک شفا کی تسبیح کا استعمال سنت ہے اور خاک شفا کی تسبیح ہر وقت اپنے پاس رکھنا مستحب ہے یہ تمام بلائوں کا حرز ہے اور بے انتہا ثواب کا موجب ہے۔ منقول ہے کہ ابتدائ میں حضرت فاطمہ زہراؑ نے پشم کے دھاگوں پر گانٹھیں لگائی ہوئی تھیں اور وہ انہی پر یہ تسبیح پڑھا کرتی تھیں۔ جب جناب حمزہ بن عبد المطلب شہید ہو گئے تو حضرت زہراؑ نے اس شہید بزرگوار کی قبر کی مٹی سے تسبیح بنائی اور اس پر پڑھا کرتی تھیں تب دوسرے لوگوں نے بھی اس طریقے کو اختیار کر لیا لیکن جب سید الشہداء حضرت امام حسینؑ شہید کر دیئے گئے تو سنت قرار پایا کہ اس شہید مظلومؑ کی قبر کی مٹی (خاک شفا) سے تسبیح تیار کر کے اس کے ذریعے ذکر و اذکار پڑھا جائے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Imam Sadiq (a) is reported to have said, “A rosary that is made of the soil of Imam Husain (a)’s tomb glorifies Almighty Allah in the hand of its bearer although the bearer does not say anything.” Imam Sadiq (a) is also reported as saying, “Whoever turns a bead of a rosary made of the soil of Imam Husain (a)’s tomb and implores Almighty Allah’s forgiveness one time, Almighty Allah will record for him the reward of imploring His forgiveness 70 times. If one holds that rosary in the hand without saying anything, 7 rewards for each bead will be recorded for him.” According to another form of this tradition, “If one turns the bead uttering a statement of mentioning Almighty Allah, 40 rewards for each bead will be recorded for him.” It is also reported that the Paradisiacal Women (Hurin), whenever they see an angel descending to the earth for any mission, ask him to bring them rosaries and prostration-clays made of the soil of Imam Husain (a)’s tomb.

امام زمانہ (عج) فرماتے ہیں کہ جس شخص کے ہاتھ میں خاک شفا کی تسبیح ہو اور وہ ذکر پڑھنا فراموش کر بیٹھے تو بھی اس کے لئے ذکر کا ثواب لکھا جائے گا امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ خاک شفا کی تسبیح خود بخود ذکر اور تسبیح پڑھتی رہتی ہے خواہ آدمی نہ بھی پڑھے، یہ بھی فرمایا کہ ایک ذکر یا استغفار جو اس تسبیح سے انجام پائے وہ دوسری تسبیحوں کے ساتھ انجام پانے والے ۷۰ ذکر اور استغفار کے برابر ہے۔ اگر کوئی کسی ذکر کے بغیر بھی اس کے دانوں کو پھراتا رہے تو بھی اس کے لئے ہر دانہ کے بدلے ۷ تسبیحوں کا ثواب لکھا جاتا ہے۔ ایک دوسری روایت کے مطابق ذکر کے ساتھ پھرائے جانے والے ہر دانے کا ثواب ۴۰ نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

Free to read, copy and share

In an authentic tradition, Imam Musa Kazim (a) is reported to have said, “A true believer must not be lacking 5 things: a teeth-brushing stick (Miswak), a comb, a prostration rug, a 34 bead rosary, and a ring whose stone is made of agate.” Apparently, a pottery rosary is merited, too, although it is preferable that this rosary is made of fireless pottery. Imam Sadiq (a) is reported to have said, “Whoever glorifies Almighty Allah with a rosary of the clay of Imam Husain (a)’s tomb, Almighty Allah will record for him 400 rewards, erase 400 sins he has committed, grant him 400 requests, and raise him 400 ranks.” It is also reported that the string of such rosaries may advisably be blue. Some narrations have suggested that it is better for women to use their fingertips in counting, but the narrations that have reported the recommendation of using rosaries made of clay are bigger in number and more authentic.

ایک روایت میں ہے کہ حوران جنّت جب کسی فرشتے کو زمین پر آتے دیکھتی ہیں تو اس سے التماس کرتی ہیں کہ وہ ان کے لیے تربت سید الشہداء(خاک شفا) کی تسبیح لیتا آئے حدیث صحیح میں امام موسیٰ کاظمؑ فرماتے ہیں کہ مومن کو پانچ چیزوں سے خالی نہیں ہونا چاہیئے مسواک، کنگھی، جائے نماز، عقیق کی انگوٹھی اور ۳۴ دانوں کی تسبیح اس سلسلے میں خام اور پختہ دونوں بہتر ہیں لیکن خام زیادہ بہتر ہے ۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ جو شخص خاک شفا سے ایک تسبیح پڑھتا ہے اللہ اس کے لئے ۴۰۰ نیکیاں لکھ دیتا ہے، ۴۰۰ گناہ مٹا دیتا ہے، ۴۰۰ حاجات پوری کرتا ہے اور ۴۰۰ درجات بلند کرتا ہے۔ روایت میں یہ بھی ہے کہ اس تسبیح کا دھاگا نیلے رنگ کا ہونا چاہیئے۔ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ عورتوں کے لئے اپنی انگلیوں پر تسبیح پڑھنا فضیلت رکھتا ہے لیکن خاک شفا کی فضیلت والی احادیث مطلقاً زیادہ اور قوی ہیں۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/tasbeeh-made-of-khaake-shifa-4052 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.